# کیا آپ حالیہ ژالہ باری سے متاثر ہوئے ہیں؟

Calgary

## میرے گھر یا کاروبار کو اولے یا سیلاب سے نقصان پہنچا ہے، مجھے سب سے پہلے کیا کرنا چاہیے؟

اس سے پہلے کہ آپ اپنی پراپرٹی پر مرمت کا کوئی کام کریں، سٹی آف کیلگری (City of Calgary) تجویز کرتا ہے کہ، آپ پہلے اپنے گھر کے انشورنس فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

1 فروری، 2014 سے البرٹا میں تعمیر کرنے کی منظوری حاصل شدہ تمام گھروں کے لیے ضروری ہے کہ ان کے پاس پراونشل نیوہوم وارنٹی رجسٹریشن(Provincial New Home Warranty Registration) ہو۔ اس صوبائی پروگرام کے ذریعے کیا نقصانات کا احاطہ کیا جا سکتا ہے اس بارے میں مزید معلومات کے لیے **https://www.alberta.ca/new-home-warranty-overview** ملاحظہ کریں۔

## ٹھیکیدار کی خدمات حاصل کرنے سے پہلے مجھے کیا جاننے کی ضرورت ہے؟

ٹھیکیداروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ سٹی آف کیلگری کا ایک درست بزنس لائسنس رکھیں اور سٹی کو اس لائسنس کو معطل یا منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ اگرچہ زیادہ تر جائز ہیں، ٹھیکیدار کی خدمات حاصل کرنے سے پہلے، خود کو خراب کاروباری طریقوں سے بچانے کے لیے ہم آپ کو درج ذیل کام کرنے کی تجویز کرتے ہیں:

- ٹھیکیدار/کمپنی کے کاروبار یا تجارتی نام، مالک کا نام اور کاروباری پتہ اور فون نمبر لکھیں۔
- سٹی کے **آن لائن ڈیٹا بیس** ٹول کو چیک کرکے یا 311 پر کال کرکے تصدیق کریں کہ ٹھیکیدار کے پاس ایک درست کاروباری لائسنس ہے۔
- بیٹر بزنس بیورو(Better Business Bureau) کو 403-531-8784 پر کال کریں۔
- رابطہ کرکے منظور شدہ چھت انسپکٹر تلاش کریں:
  - **البرٹا الائیڈ روفنگ ایسوسی ایشن**
  - **البرٹا روفنگ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن**

## میں اپنے گھر یا کاروبار کو پہنچنے والے نقصان کو ٹھیک کرنے کے لیے سٹی کے ساتھ کیسے کام کروں؟

ہم کیلگیرینز کی مدد کے لیے پرعزم ہیں۔ آپ کے گھر کی مرمت، بحالی یا دوبارہ تعمیر کا وقت آپ کے، اور آپ کے ٹھیکیدار کے شیڈول کی بنیاد پر مختلف ہوگا۔ جن اجازت ناموں کی آپ کو ضرورت پڑ سکتی ہے، ان کی قسموں پر منحصر، عمل اور ٹائم لائن کام کی نوعیت کے لحاظ سے مختلف ہو سکتی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ایک مشکل وقت ہے اور ہم آپ کی ہر ممکن مدد کرتے رہیں گے۔

## میرے اگلے جائیداد کے تعین کے ساتھ کیا ہوگا؟

تعین ان اثرات کو تسلیم کرتا ہے جو اولوں اور سیلاب کی وجہ سے ہمارے شہر میں املاک اور کاروبار کو ہوا ہے۔ ہم جائیداد اور کاروباری مالکان کو پہنچنے والے نقصان کے اثرات کی نشاندہی کریں گے اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ہماری تعین کردہ اقدار کیلگری کے تمام ٹیکس دہندگان کے لیے منصفانہ اور مساوی ہوں۔

## اگر میرے سوالات ہیں تو میں کس سے رابطہ کر وں؟

اگر ترقیاتی درخواستوں، اجازت ناموں یا معائنے کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو ہمارے پلاننگ سروسز سینٹر کو 5311-268 (403) پر یا **Calgary.ca/livechat** پر لائیو چیٹ کے ذریعے کال کریں۔ آپ میونسپل بلڈنگ کی تیسری منزل پر پلاننگ سروسز سینٹر پربھی جا سکتے ہیں، جو 800 Macleod Trail SE پر واقع ہے۔

24-0041270-CRV-31799

## طوفان سے ہونے والے نقصانات کو ٹھیک کرنے کے لیے درکار کام کی اقسام

### مرمت کرنا یا بدلنا

**آپ مرمت کرنے پر یا تبدیل کرنے پر غور کر رہے ہیں:**

- چھت سازی کا مواد۔
- ایوز ٹرفس (Eavestroughs) اورڈاؤن اسپاؤٹس (downspouts)۔
- سائیڈنگ (Siding) یا ٹرِم (trim)۔
- دروازے، کھڑکیاں یا اسکائی لائٹس (skylights)۔
- بیرونی روشنی۔
- پانی کے نقصان کی وجہ سے بھٹی (فرنیس)، گرم پانی کا ٹینک یا بجلی کا پینل ، لیکن اپنے گھر یا تہہ خانے (Basement) کی ترتیب کو تبدیل نہ کرتے ہوئے۔
- ایک موجودہ ڈیک، باڑ یا گیراج۔

### دوبارہ تعمیر یا بحال کرنا

**آپ غور کر رہے ہیں:**

- **اپنے گھر کو دوبارہ تعمیر کرنے کے بارے میں**
- اپنے گھر کو بحال کرنے کے بارے میں، لیکن آپ کے گھر کو ساختی نقصان پہنچا ہے۔
- اپنے گھر یا تہہ خانے (basement) کے فلور پلان کو تبدیل کرنے کے بارے میں۔

### مسمار کرنا

**آپ غور کر رہے ہیں:**

- اپنے گھر کو مسمار کرنے کے بارے میں۔

## نقصان کو ٹھیک کرنے کے لیے مجھے کن اجازتوں (پرمٹس) کی ضرورت ہے؟

ذیل میں چارٹ دیکھیں کہ کب سٹی پرمٹ درکار ہوتا ہے اور کب لائسنس یافتہ ٹھیکدار کو کام مکمل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ زیادہ تر مرمت یا تبدیلی کے کام کے لیے آپ کو ڈویلپمنٹ یا بلڈنگ پرمٹ کی ضرورت نہیں ہوگی۔

اپنے گھر پر کوئی بھی کام شروع کرنے سے پہلے، ہم تجویز کرتے ہیں کہ اپنے منصوبے پر بات کرنے کے لیے پلاننگ سروسز سینٹر سے رابطہ کریں۔

### اجازت نامے (پرمٹ) کی ضرورت نہیں ہے

اگر آپ بالکل پہلے جیسے مواد کے مطابق (لائیک فار لائیک) تبدیل کر رہے ہیں تو درج ذیل کام کے لیے سٹی پرمٹ کی ضرورت نہیں ہے:

- چھت سازی کا سامان
- ایوز ٹرفس (eavestroughs) اور ڈاؤن اسپاؤٹس (downspouts)
- ایک ہی مواد سے سائیڈنگ (Siding) یا ٹرم (trim) بنانا
- ایک ہی سائز کا دروازہ، کھڑکی یا اسکائی لائٹ (skylight)
- بیرونی روشنی
- بن ڈھکا ڈیک جو کہ گریڈ (درجہ معیار) سے 0.6 میٹر سے کم اوپرہے

### مرمت کرنا یا بدلنا

**اپنے گھر کے اندر**

درج ذیل کام کے لیے لائسنس یافتہ ٹھیکیدار اور سٹی پرمٹ درکار ہے۔

| تبدیلی یا مرمت کے کام کے اجازت نامے (پرمٹ) کی قسم | اجازت نامے (پرمٹ) کی قسم |
|---|---|
| گرم پانی کے ٹینک کی تبدیلی (اپ گریڈ یا کوئی وینٹنگ کی تبدیلی) کا گیس پرمٹ | گیس پرمٹ |
| پرانے ماڈل کی فرنس کی تبدیلی (اپ گریڈ یا کوئی وینٹنگ کی تبدیلی) کا گیس پرمٹ | گیس پرمٹ |
| الیکٹریکل پینل کی تبدیلی کا الیکٹریکل پرمٹ | الیکٹریکل پرمٹ |

**اپنے گھر کے باہر**

درج ذیل کام کے لیے لائسنس یافتہ ٹھیکیدار اور سٹی پرمٹ درکار ہے۔

| تبدیلی یا مرمت کے کام کے اجازت نامے کی قسم | اجازت نامے (پرمٹ) کی قسم |
|---|---|
| شینگلز سے مٹی کی چھت سازی کے مواد میں تبدیل کرنے کا بلڈنگ پرمٹ | بلڈنگ پرمٹ پرمٹ |
| ایک بڑا یا چھوٹا دروازہ، کھڑکی یا اسکائی لائٹ کا ڈویلپمنٹ* اور بلڈنگ پرمٹ | ڈویلپمنٹ* اور بلڈنگ پرمٹ |
| سائڈنگ کو مختلف سائڈنگ کے مواد سے تبدیل کرنے کا بلڈنگ پرمٹ | بلڈنگ پرمٹ |
| بن ڈھکے ڈیک میں تبدیلیوں کی یا دوبارہ تعمیرکا بلڈنگ پرمٹ | بلڈنگ پرمٹ |
| علیحدہ گیراج، کارپورٹ یا شیڈ (10 مربع میٹر سے زیادہ) کا بلڈنگ پرمٹ | بلڈنگ پرمٹ |
| سامنے کے صحن میں 1.2 میٹر سے زیادہ لمبے باڑ کا ڈویلپمنٹ پرمٹ* | ڈویلپمنٹ پرمٹ* |
| عقبی صحن میں 2 میٹر سے زیادہ لمبے باڑ کا ڈویلپمنٹ پرمٹ* | ڈویلپمنٹ پرمٹ* |

اگر آپ اپنے گھر میں کسی نئی تعمیر یا اضافے پر غور کر رہے ہیں، تو براہ کرم calgary.ca/myhome پر جائیں تاکہ آپ کو ان اجازت ناموں کے بارے میں مزید معلومات حاصل ہو جن کی آپ کو ضرورت ہو سکتی ہے۔

* اگر آپ کے پروجیکٹ کے لیے ڈویلپمنٹ پرمٹ درکار ہے، تو براہ کرم درخواست سے قبل میٹنگ بک کرنے کے لیے پلاننگ سروسز سینٹر سے رابطہ کریں۔

## دوبارہ تعمیر یا بحال کرنا

### دوبارہ تعمیر کریں

ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ترقی اور تعمیرکی اجازت دینے کے عمل کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہمارے پلاننگ سروسز سینٹر سے رابطہ کریں، اور درخواست سے قبل میٹنگ بُک کریں۔

### بحال کریں

اگر آپ کے گھر کو ساختی نقصان پہنچا ہے، تو آپ کو سٹرکچرل انجینئر کی خدمات حاصل کرنی چاہئیں۔

### گھر یا تہہ خانے (بیسمنٹ) کے فلور پلان میں تبدیلی

اگر آپ کے گھر کو کوئی ساختی نقصان نہیں ہے، لیکن آپ اب اپنے گھر یا تہہ خانے (Basement) کے موجودہ فلور پلان کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو بلڈنگ پرمٹ درکار ہے۔ کام کے دائرہ کار پر منحصر، اضافی اجازت ناموں کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

### بلڈنگ پرمٹ

تعمیرکے اجازت نامے (بلڈنگ پرمٹ) کے لیے درخواست دینے سے پہلے سٹرکچرل انجینئر کے جائزے کی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ آپ اپنے پروجیکٹ کے لیے مناسب بلڈنگ پرمٹ کے لیے **calgary.ca/myhome** پر آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔

## مسمار کرنا

اگر آپ اندرونی دیواریں گرا رہے ہیں تو آپ کو رہائشی امپرووومنٹ پرمٹ (Residential Improvement Permit) حاصل کرنے کی ضرورت ہوگی، مسمار کرنے کا اجازت نامہ نہیں۔

اگر آپ نے ایک سٹرکچرل انجینئر کی خدمات حاصل کی ہیں اور انہوں نے یہ طے کیا ہے کہ آپ کے گھر کے ایک بڑے حصے یا پورے ڈھانچے کو مسمار کرنے کی ضرورت ہے، تو آپ کو مسمار کرنے کے اجازت نامے (ڈیمولیشن پرمٹ) کی ضرورت ہوگی۔ مزید معلومات کے لیے، عمارت کو گرانے یا منتقل کرنے کے لیے ہماری **مکمل درخواست کی ضرورت کی فہرست (Complete Application Requirement List) (PDF)** دیکھیں۔

ایک بار جب آپ کے پاس مسمار کرنے کا اجازت نامہ (ڈیمولیشن پرمٹ) جاری ہو جائے، تو یقینی بنائیں کہ کام شروع ہونے سے پہلے بجلی (ENMAX)، گیس (ATCO) اور پانی (City of Calgary) منقطع ہیں۔

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا ٹھیکیدار انہدام کا کام مکمل ہونے کے بعد سٹی آف کیلگری (City of Calgary) کے ساتھ معائنہ کرواتا ہے۔